# خالص

# سونا

ابتدا میں کلام تھا۔ کلام اللہ کے
ساتھ تھا اور کلام اللہ تھا۔

یوحنا ۱ : ۱

اُس میں زندگی تھی، اور یہ زندگی
انسانوں کا نور تھی۔

یوحنا ۱ : ۴



Scripture taken from the
Urdu Geo Version.
Copyright © 2019 Urdu Geo Version.

# بائبل کے الفاظ

Edition 2025
© by GBV
printed in Germany

**GBV Dillenburg GmbH**
Eiershäuser Straße 54
35713 Eschenburg
GERMANY
www.gbv-dillenburg.de
www.gbv-online.org

پھر عیسیٰ دوبارہ لوگوں سے مخاطب ہوا،

"دنیا کا نور مَیں ہوں۔

جو میری پیروی کرے وہ تاریکی میں

نہیں چلے گا،

کیونکہ اُسے زندگی کا نور

حاصل ہو گا۔"

یوحنا ۸ : ۱۲



عیسیٰ نے جواب دیا،

"راہ اور حق اور زندگی مَیں ہوں۔

کوئی میرے وسیلے کے بغیر باپ

کے پاس نہیں آ سکتا۔

یوحنا ۱۴ : ۶

عید کے آخری دن جو سب سے
اہم ہے عیسیٰ کھڑا ہوا اور اونچی
آواز سے پکار اُٹھا، "جو پیاسا ہو وہ
میرے پاس آئے، اور جو مجھ پر ایمان
لائے وہ پیئے۔ کلامِ مُقدّس کے
مطابق 'اُس کے اندر سے زندگی کے
پانی کی نہریں بہہ نکلیں گی'۔"

یوحنا ۷ : ۳۷ - ۳۸



اے تھکے ماندے اور بوجھ تلے
دبے ہوئے لوگو، سب میرے پاس
آؤ! مَیں تم کو آرام دوں گا۔

متی ۱۱ : ۲۸

کیونکہ میرا جوا ملائم اور میرا بوجھ ہلکا ہے۔

متی ۱۱ : ۳۰

’اے خدا، مجھ گناہ گار پر رحم کر!‘

لوقا ۱۸ : ۱۳

کیونکہ گناہ کا اجر موت ہے جبکہ اللہ ہمارے خداوند مسیح عیسیٰ کے وسیلے سے ہمیں ابدی زندگی کی مفت نعمت عطا کرتا ہے۔

رومیوں ۶ : ۲۳



عیسیٰ نے جواب دیا، ”مَیں تجھے سچ بتاتا ہوں، صرف وہ شخص اللہ کی بادشاہی کو دیکھ سکتا ہے جو نئے سرے سے پیدا ہوا ہو۔“

یوحنا ۳ : ۳

’اِس لئے تُو تعجب نہ کر کہ مَیں کہتا ہوں، ’تمہیں نئے سرے سے پیدا ہونا ضرور ہے۔‘

یوحنا ۳ : ۷

اب توبہ کریں اور اللہ کی طرف رجوع لائیں
تاکہ آپ کے گناہوں کو مٹایا جائے۔

اعمال ۳ : ۱۹

لیکن اگر ہم اپنے گناہوں کا اقرار کریں
تو وہ وفادار اور راست ثابت ہو گا۔ وہ
ہمارے گناہوں کو معاف کر کے ہمیں
تمام ناراستی سے پاک صاف کرے گا۔

۱-یوحنا ۱ : ۹



توبھی کچھ اُسے قبول کر کے اُس
کے نام پر ایمان لائے۔ اُنہیں اُس
نے اللہ کے فرزند بننے کا حق بخش
دیا، ایسے فرزند جو نہ فطری طور پر،
نہ کسی انسان یا مرد کے منصوبے
سے پیدا ہوئے بلکہ اللہ سے۔

یوحنا ۱ : ۱۲ - ۱۳

مَیں تم کو سچ بتاتا ہوں، جو بھی
میری بات سن کر اُس پر ایمان
لاتا ہے جس نے مجھے بھیجا ہے
ابدی زندگی اُس کی ہے۔ اُسے
مجرم نہیں ٹھہرایا جائے گا بلکہ
وہ موت کی گرفت سے نکل کر
زندگی میں داخل ہو گیا ہے۔

یوحنا ۵ : ۲۴



کیونکہ اللہ نے دنیا سے اِتنی
محبت رکھی کہ اُس نے اپنے
اکلوتے فرزند کو بخش دیا، تاکہ جو
بھی اُس پر ایمان لائے ہلاک
نہ ہو بلکہ ابدی زندگی پائے۔

یوحنا ۳ : ۱۶

لیکن اُسے ہمارے ہی جرائم کے
سبب سے چھیدا گیا، ہمارے ہی
گناہوں کی خاطر کچلا گیا۔ اُسے سزا
ملی تاکہ ہمیں سلامتی حاصل ہو، اور
اُسی کے زخموں سے ہمیں شفا ملی۔

یسعیاہ ۵۳ : ۵



دیکھ، مَیں دروازے پر کھڑا کھٹکھٹا رہا
ہوں۔ اگر کوئی میری آواز سن کر دروازہ
کھولے تو مَیں اندر آ کر اُس کے ساتھ
کھانا کھاؤں گا اور وہ میرے ساتھ۔

مکاشفہ ۳ : ۲۰

کہ مسیح ایمان کے ذریعے آپ کے
دلوں میں سکونت کرے۔

اِفسیوں ۳ : ۱۷

کیونکہ ابنِ آدم گم شدہ کو
ڈھونڈنے اور نجات دینے
کے لئے آیا ہے۔

لوقا ۱۹ : ۱۰

گے اور جو بھی میرے پاس آئے
گا اُسے مَیں ہرگز نکال نہ دوں گا۔

یوحنا ۶ : ۳۷



'آئیں، سب کچھ تیار ہے۔'

لوقا ۱۴ : ۱۷

"صاحبو، مجھے نجات پانے کے
لئے کیا کرنا ہے؟"
"خداوند عیسیٰ پر ایمان لائیں
تو آپ اور آپ کے گھرانے
کو نجات ملے گی۔"

اعمال ۱۶ : ۳۰ - ۳۱

تمام نبی اُس کی گواہی دیتے ہیں کہ جو بھی
اُس پر ایمان لائے اُسے اُس کے نام کے
وسیلے سے گناہوں کی معافی مل جائے گی۔

اعمال ۱۰ : ۴۳

خداوند عیسیٰ ... ہماری ہی خطاؤں
کی وجہ سے اُسے موت کے حوالے
کیا گیا، اور ہمیں ہی راست باز قرار
دینے کے لئے اُسے زندہ کیا گیا۔

رومیوں ۴ : ۲۵



اب جو مسیح عیسیٰ میں ہیں اُنہیں
مجرم نہیں ٹھہرایا جاتا۔

رومیوں ۸ : ۱

مَیں آپ کو جو اللہ کے فرزند کے
نام پر ایمان رکھتے ہیں اِس لئے
لکھ رہا ہوں کہ آپ جان لیں کہ
آپ کو ابدی زندگی حاصل ہے۔

۱-یوحنا ۵ : ۱۳

لیکن اِس وجہ سے خوشی نہ مناؤ کہ بدروحیں
تمہارے تابع ہیں، بلکہ اِس وجہ سے کہ
تمہارے نام آسمان پر درج کئے گئے ہیں۔

لوقا ۱۰ : ۲۰

اب چونکہ ہمیں ایمان سے راست باز قرار دیا گیا
ہے اِس لئے اللہ کے ساتھ ہماری صلح ہے۔
اِس صلح کا وسیلہ ہمارا خداوند عیسیٰ مسیح ہے۔

رومیوں ۵ : ۱



کیونکہ یہ اُس کا فضل ہی ہے کہ آپ کو ایمان
لانے پر نجات ملی ہے۔ یہ آپ کی طرف سے
نہیں ہے بلکہ اللہ کی بخشش ہے۔ اور یہ نجات
ہمیں اپنے کسی کام کے نتیجے میں نہیں ملی،
اِس لئے کوئی اپنے آپ پر فخر نہیں کر سکتا۔

اِفسیوں ۲ : ۸-۹

اللہ کا اُس کی ناقابلِ بیان
بخشش کے لئے شکر ہو!

۲-کُرنتھیوں ۹ : ۱۵

لیکن جب ہم نور میں چلتے ہیں،
بالکل اُسی طرح جس طرح اللہ
نور میں ہے، تو پھر ہم ایک
دوسرے کے ساتھ رفاقت رکھتے
ہیں اور اُس کے فرزند عیسیٰ کا
خون ہمیں تمام گناہوں سے
پاک صاف کر دیتا ہے۔

۱-یوحنا ۱: ۷



میری بھیڑیں میری آواز سنتی ہیں۔
مَیں اُنہیں جانتا ہوں اور وہ میرے
پیچھے چلتی ہیں۔
مَیں اُنہیں ابدی زندگی دیتا ہوں، اِس
لئے وہ کبھی ہلاک نہیں ہوں گی۔
کوئی اُنہیں میرے ہاتھ
سے چھین نہ لے گا،

یوحنا ۱۰: ۲۷ - ۲۸

آپ کو اِسی کے لئے بُلایا گیا
ہے۔ کیونکہ مسیح نے آپ کی
خاطر دُکھ سہنے میں آپ کے
لئے ایک نمونہ چھوڑا ہے۔
اور وہ چاہتا ہے کہ آپ اُس
کے نقشِ قدم پر چلیں۔

۱-پطرس ۲ : ۲۱



"اور دیکھو، مَیں دنیا کے اختتام تک
ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔"

متی ۲۸ : ۲۰

اِسی طرح تمہاری روشنی بھی لوگوں
کے سامنے چمکے تاکہ وہ تمہارے
نیک کام دیکھ کر تمہارے
آسمانی باپ کو جلال دیں۔

متی ۵ : ۱۶

جو بھی میرے اور میری باتوں
کے سبب سے شرمائے اُس
سے ابنِ آدم بھی اُس وقت
شرمائے گا جب وہ اپنے اور اپنے
باپ کے اور مُقدّس فرشتوں
کے جلال میں آئے گا۔

لوقا ۹ : ۲۶



گھاس تو مُرجھا جاتی اور پھول گر
جاتا ہے، لیکن ہمارے خدا کا
کلام ابد تک قائم رہتا ہے۔

یسعیاہ ۴۰ : ۸

آسمان و زمین تو جاتے رہیں
گے، لیکن میری باتیں ہمیشہ
تک قائم رہیں گی۔

لوقا ۱ : ۳۳

اپنی کسی بھی فکر میں اُلجھ کر پریشان
نہ ہو جائیں بلکہ ہر حالت میں دعا اور
التجا کر کے اپنی درخواستیں اللہ کے
سامنے پیش کریں۔ دھیان رکھیں کہ
آپ یہ شکرگزاری کی روح میں کریں۔
پھر اللہ کی سلامتی جو سمجھ سے باہر
ہے آپ کے دلوں اور خیالات کو
مسیح عیسیٰ میں محفوظ رکھے گی۔

فِلپیّوں ۴ : ۶ - ۷



"مَیں نے تجھے ہمیشہ ہی پیار کیا
ہے، اِس لئے مَیں تجھے بڑی شفقت
سے اپنے پاس کھینچ لایا ہوں۔"

یرمیاہ ۳۱ : ۳

"چنانچہ مت ڈر، کیونکہ مَیں
تیرے ساتھ ہوں۔"

یسعیاہ ۴۱ : ۱۰

میرے باپ کے گھر میں بے شمار
مکان ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو کیا
مَیں تم کو بتاتا کہ مَیں تمہارے لئے
جگہ تیار کرنے کے لئے وہاں جا
رہا ہوں؟ اور اگر مَیں جا کر تمہارے
لئے جگہ تیار کروں تو واپس آ کر
تم کو اپنے ساتھ لے جاؤں گا تاکہ
جہاں مَیں ہوں وہاں تم بھی ہو۔

یوحنا ۱۴: ۲ - ۳



اُس وقت اونچی آواز سے حکم دیا
جائے گا ...
تب پہلے وہ جی اُٹھیں گے جو
مسیح میں مر گئے تھے۔
اِن کے بعد ہی ہمیں جو زندہ ہوں
گے بادلوں پر اُٹھا لیا جائے گا
تاکہ ہَوا میں خداوند سے ملیں۔
پھر ہم ہمیشہ خداوند کے
ساتھ رہیں گے۔

۱- تھسّلُنیکیوں ۴: ۱۶ - ۱۷

پھر مَیں نے ایک نیا آسمان اور
ایک نئی زمین دیکھی۔

مکاشفہ ۲۱ : ۱

وہ اُن کی آنکھوں سے تمام آنسو پونچھ
ڈالے گا۔ اب سے نہ موت ہو گی
نہ ماتم، نہ رونا ہو گا نہ درد، کیونکہ
جو بھی پہلے تھا وہ جاتا رہا ہے۔

مکاشفہ ۲۱ : ۴



عیسیٰ فرماتا ہے، ”دیکھو، مَیں
جلد آنے کو ہوں۔“

مکاشفہ ۲۲ : ۱۲

جو پیاسا ہو وہ آئے اور جو چاہے وہ
زندگی کا پانی مفت لے لے۔

مکاشفہ ۲۲ : ۱۷

”آمین! اے خداوند عیسیٰ آ!“

مکاشفہ ۲۲ : ۲۰

Pure Gold

GBV 161 4120 Urdu